DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

مورخہ 19.01.2025

نمبر شمار	اہم قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ لاحاصل جنگ سے کچھ نہیں ملے گا، سرفراز بگٹی۔	جنگ ودیگر اخبارات
02	بلوچستان میں جعلی ادویات اور لوکل کمپنی کی بھرمار صوبائی وزیر صحت نوٹس لیں۔	جنگ ودیگر اخبارات
03	حکومت نے میرٹ کی پامالی کے الزامات کا نوٹس لے لیا، ظہور بلیدی۔	جنگ ودیگر اخبارات
04	علی حسن زہری کے ساتھ تعلقات بہترین ہیں، جام کمال۔	مشرق ودیگر اخبارات
05	پارٹی میں کوئی اختلافات نہیں جو مسائل ہیں ان کو حل کرینگے، شعیب نوشیروانی۔	جنگ ودیگر اخبارات
06	آئی جی ایف سی نارتھ سے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء کی ملاقات۔	مشرق ودیگر اخبارات
07	پلاسٹک تھیلوں کی خرید وفروخت کرنیوالوں کے خلاف کارروائی ہوگی، کمشنر کوئٹہ۔	جنگ ودیگر اخبارات
08	مستقل غیر حاضر رہنے والے 372 اساتذہ ملازمت سے برطرف۔	جنگ ودیگر اخبارات
09	کوئٹہ درختوں کی کٹائی پر مقامی شاپنگ مال کو ایک کروڑ 70 لاکھ روپے جرمانہ۔	جنگ ودیگر اخبارات
10	ریکوڈک منصوبے میں حائل ایک اور رکاوٹ ختم سعودی عرب سے جلد معاہدے کا امکان۔	متخاب ودیگر اخبارات
11	نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ 20 جنوری سے آپریشنل کرنے کا اعلان۔	جنگ ودیگر اخبارات
12	بلوچستان کے مختلف اداروں میں 10 یونینز کی رجسٹریشن منسوخ۔	جنگ ودیگر اخبارات
13	بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ میں چین کا اظہار دلچسپی۔	جنگ ودیگر اخبارات
14	کوئٹہ عدالت سے ضمانت پر رہا ینگ ڈاکٹرز کے دونوں رہنما دوبارہ گرفتار۔	جنگ ودیگر اخبارات
15	کراچی میں گرفتار بلوچ خواتین کو فی الفور رہا کیا جائے، بی این پی۔	جنگ ودیگر اخبارات
16	قید ڈاکٹرز کے ساتھ غیر انسانی سلوک قابل گرفت عمل ہے، اصغر اچکزئی۔	جنگ ودیگر اخبارات
17	پشتون ملک بھر میں بالادست طبقے کے استحصال کا شکار ہیں، خوشحال کاکڑ۔	جنگ ودیگر اخبارات
18	امن وامان کی صورتحال میں حکومت ناکام ہوگئی، پشتونخوا میپ۔	جنگ ودیگر اخبارات

امن وامان:

کبیر بلڈنگ سے موٹر سائیکل چور رنگے ہاتھوں گرفتار، تربت مسلح افراد کا پولیس چوکی پر حملہ سامان لوٹ کر آگ لگادی، حب میں فائرنگ سے مزدور جاں بحق۔

عوامی مسائل:

استا محمد قومی شاہراہیں رابطہ سڑکیں خستہ حال بجا گڑے سفر مشکل، کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں بارشیں برفباری حسب معمول گیس وبجلی غائب، گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کا احتجاج ینگ ڈاکٹرز کا ملک بھر میں 2 گھنٹے ہڑتال کا اعلان۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 19.01.2025

اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان حکومت کا محکمہ صحت میں مالی بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف اقدام!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ محکمہ صحت بلوچستان میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔ محکمہ صحت اپنے اصل مقصد جو عوام کو علاج و معالجے کی سہولتیں فراہم کرنی ہیں میں پوری طرح ناکام ہوگیا ہے۔ حالیہ دنوں میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ قائم سول ہسپتال میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کا انکشاف ہوا ہے جس میں ادویات اور دیگر ضروریات کی اشیاء کے لئے دیئے گئے فنڈز کو اس مقصد کے لئے استعمال میں نہیں لایا گیا اس سے قبل بی ایم سی کے گوداموں میں پڑے کمبل اور دیگر اشیاء کی ایک بہت بڑی تعداد برآمد کی گئی جن کو مریضوں کو استعمال کرنے کے لئے دینے کی بجائے گوداموں میں رکھا گیا تھا۔ جو کہ بلا شبہ عوام کے ساتھ ایک بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے اس لئے اس کا مداوا ہونا ضروری ہے۔ بلوچستان حکومت نے محکمہ صحت میں مالی بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے اراکین شمیت دہری تنخواہیں لینے والے ڈاکٹروں کے خلاف محکمانہ و قانونی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اداریے:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان میں صنعت و حرفت کی ترقی مزید اقدامات کی ضرورت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**صنعتی شہر حب کی تعمیر و ترقی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا قابل ستائش عزم!!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**بلوچستان کے 29 لاکھ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Banning students political activities" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکس پریس کوئٹہ نے "Shelter for Flood Victims in Balochistan" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

مضمون:

روزنامہ بلوچستان مشرق کوئٹہ نے "بلوچستان رائیٹرز گلڈ یوتھ فار کشمیر اور بزم صائب کے زیر اہتمام تقاریب کے عنوان سے شیخ فرید کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | اتوار 18 رجب المرجب 1446ھ 19 جنوری 2025ء | نمبر 19

قیمت 35 روپے

Page No. 1

نوکنڈی: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی مارک برسٹو کو ثقافتی پگڑی اور شال پہنا رہے ہیں

پاکستان ہمارا مستقبل
بلوچستان کے عوام ریاست کیساتھ کھڑے ہیں، لاحاصل جنگ سے کچھ نہیں ملے گا، سرفراز بگٹی

تفتان میں قائم ایل پی جی پلانٹ سے حاصل ہونے والا ریونیو تفتان کے عوام پر خرچ ہوگا، نوجوان تعلیم اور قانونی تجارت کو اپنائیں، ریکوڈک منصوبے پر پہلا حق چاغی کے عوام کا ہے وزیراعلیٰ

ریکوڈک نے خطے میں کانکنی کے نئے دور کا آغاز کیا ہے حکومت بلوچستان مقامی کمیونٹیز کو معیاری صحت، تعلیم اور ہنر سازی کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے کام کررہی ہے، عوامی اجتماع سے خطاب دبات چیت

نوکنڈی (رخ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست سب سے مقدم ہے لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں اور پاکستان سے ہی ہمارا مستقبل وابستہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں نوکنڈی میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، سینیٹر دنیش کمار اور میر اعجاز سنجرانی بھی موجود تھے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کہا کہ بلوچستان کے عوام ہر قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہ کر ترقی کا حصہ بننا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری سے نمٹنے کے لیے ہنرمندی اور نوجوانوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا ہوگی اپنے نوجوانوں کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کریں گے یقین دلاتے ہیں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں ان کے گھر کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کار آرہے ہیں جو صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے ریکوڈک کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس منصوبے پر پہلا حق چاغی رخشان ڈویژن کے عوام کا ہے اس کے بعد اگر کچھ بچتا ہے تو باقی بلوچستان پر خرچ ہوگا جیسا کہ تفتان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت قائم ایل پی جی پلانٹ سے حاصل ہونے والا ریونیو تفتان کے عوام پر خرچ ہوگا انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم اور قانونی تجارت کو اپنائیں اور غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہیں وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ پاکستان ہی ہمارا مستقبل ہے اور ریکوڈک کی صورت میں چاغی سے پاکستان کی ترقی کا نیا سفر شروع ہوگا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کے لیے 15 کروڑ روپے گرانٹ اور سول اسپتال کے لیے ادویات کا بجٹ دو کروڑ روپے کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے چاغی میں دانش پبلک اسکول کے قیام کے لیے بھی اقدامات کی یقین دہانی کرائی میر سرفراز بگٹی نے عوام کو یقین دلایا کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور صوبے کی خوشحالی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نوکنڈی میں عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں، سرفراز بگٹی

صدر زرداری اور چیئرمین بلاول کی ہدایات کے مطابق کارکنان کے مسائل کے حل کی کوشش کی جارہی ہے، وزیراعلیٰ

چاغی (رخ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے دورہ چاغی کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چاغی کے صدر ملک رحمت اللہ نوتیزئی کی قیادت میں پارٹی عہدیداروں کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلعی عہدیداروں نے وزیراعلیٰ کو کارکنان اور عوام کے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے پارٹی کارکنان اور عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے اور وفد کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز پر عملدرآمد کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات کے مطابق عوام اور پارٹی کارکنان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ پارٹی کے عہدیداران اور کارکنان عوام کے مسائل کی نشاندہی کریں تاکہ ان مسائل کو فوری طور پر حل کیا جاسکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں، اور کوشش ہے کہ عوام اور کارکنان کو ان کے دہلیز پر روزگار فراہم ہو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوامی خدمت اور مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

نوکنڈی (رخ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کی ترقی کے فیصلے نے بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو نمایاں طور پر بڑھا دیا ہے منصوبے سے حاصل ہونے والا ریونیو چاغی اور رخشان ڈویژن کی پر خرچ ہوگا تاکہ اس قیمتی اثاثے کے اصل شراکت دار زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو ریکوڈک منصوبے کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مقامی کمیونٹیز کو معیاری صحت، تعلیم اور ہنر سازی کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے کام کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) کے سماجی ترقی کے منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات حکومت کے وژن کے مطابق ہیں وزیراعلیٰ نے نوکنڈی مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر اور ہنر فاؤنڈیشن ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا بھی دورہ کیا اور فراہم کی جانے والی خدمات کو سراہا اس موقع پر بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برسٹو نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کی کان کنی کی صنعت کی ترقی میں ایک سنگ میل ہے انہوں نے کہا کہ "ریکوڈک نے خطے میں کان کنی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔ بیرک گولڈ کارپوریشن بطور آپریٹر اس منصوبے کو علاقائی ترقی کے لیے ایک اہم محرک بنانے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بیرک کارپوریشن نے ریونیو حاصل ہونے سے پہلے ہی تعلیم، صحت، صاف پانی کی فراہمی اور ہنر کی ترقی جیسے شعبوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) اقدامات شروع کردیے ہیں تاکہ مقامی لوگوں کو تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات فراہم کی جاسکیں مارک برسٹو نے بتایا کہ اس سال منصوبے کا آغاز ہوگا اور 2028 کے آخر میں پیداوار شروع ہوجائے گی انہوں نے کہا کہ ریکوڈک عالمی معیار کی ایک مائننگ بننے جارہا ہے اور بیرک گولڈ کارپوریشن وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے مابین قبل اعتماد شراکت دار کے طور پر اپنا مثبت کردار ادا کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. ۲

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | اتوار 8 رجب 1446ھ 19 جنوری 2025ء صفحات 24 | شمارہ 203
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL:081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

بلوچستان میں وہ ترقی نہیں ہے جو اسکا حق ہے نوجوان منفی پروپیگنڈوں پر یقین نہ کریں، سرفراز بگٹی

بندوق کی نوک پر بھی مسئلے کا حل نہیں

بندوق کے زور سے نظریئے قائم نہیں کئے جاسکتے اور نہ بندوق کے ذریعے ریاستیں ٹوٹتی ہیں، ہم بحیثیت بلوچ کس طرح جارہے ہیں ہمیں مثبت سوچ اپنا ہوگی، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے پاس اس وقت جو وسائل ہے وہ دوسو دس ارب روپے کے قریب ہیں ماضی میں یہ پیسے خرچ نہیں کئے گئے انشاء اللہ پہلی دفعہ ہماری حکومت ان پیسوں کو خرچ کریگی

ریاست سب سے مقدم ہے لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان ہی ہمارا بہتر مستقبل ہے، نوکنڈی میں اجتماع سے خطاب

ریکوڈک منصوبے کی ترقی نے بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو بڑھادیا منصوبے سے حاصل ہونے والا ریونیو چاغی اور رخشان ڈویژن کی عوام پر خرچ ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان نے روزانہ کی بنیاد پر تحصیل نوکنڈی میں واقع پاک ایران کراسنگ پوائنٹ راجے گزر پر تیل والی گاڑیوں کو 250 سے بڑھا کر 350 تک کرنے کا اعلان کردیا

والہندین، چاغی (نمائندہ خصوصی)، رخشان، آواران) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوکنڈی عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا آج میں اس سرزمین پر کھڑا ہوں بلوچستان میں جس طرح کے حالات رہے ہیں ان قبائل نے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستانی ریاست سے جڑے رہے ہیں اور مضبوط کردار ادا کیا ہے۔ یہ جو بلوچستان کے موجودہ حالات ہیں ہمیں بحیثیت بلوچ کس منزل کی طرف دھکیلا جارہا ہے کیا یہ منزل حاصل کی جاسکتی ہے جس جنگ کی طرف ہمیں مسلط کی جارہی ہے وہ جنگ یہ بندوق بھی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے بحیثیت بلوچ بلوچستان آج تک ہمیں جو حقوق ملے ہیں..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکوڈک مائننگ کمپنی کے تعاون سے قائم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کا معائنہ کررہے ہیں

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

حکومت نے ایک اسکالرشپ پروگرام شروع کیا ہے بلوچستان کا جو بچہ دنیا کے سو یونیورسٹی ہم نے سلیکٹ کی ہے وہ جہاں بھی پی ایچ ڈی کرنا چاہتا ہے جاکر کریں بلوچستان حکومت اس کے تمام اخراجات برداشت کریگی بچے جاکر وہاں پی ایچ ڈی کریں واپس آکر اپنی قوموں کی خدمت کریں۔ انھوں نے مزید کہا اس کے علاوہ بلوچستان کے تمام اضلاع کے دس بچے اور بچیاں جو میٹرک ٹاپ کی ہے وہ ڈاکٹر بننا چاہتے ہیں انجینئر بننا چاہتی ہے اگلے 16 سال تک حکومت بلوچستان اس کو اسکالرشپ دیگی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا ہماری حکومت نے بلوچستان کے تیس ہزار بچوں کو مختلف شعبوں میں پہلے ہنر سکھانے ٹریننگ دینگے اور پوری دنیا میں انکو بھیج دینگے ایک تو دنیا دیکھ لینگے وہاں کاروبار کرکے اپنے ملک میں پیسے بھی بھیج دینگے اور باہر بھیجنے والوں کو بلوچستان بھر سے یکساں بنیاد پر سلیکٹ کرینگے۔ انھوں نے مزید کہا 80 ارب روپے حکومت بلوچستان ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو دیتی ہے کہ وہ بلوچستان کے لوگوں کا علاج کریں لیکن جب ہم ان کو ٹھیک کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ زندہ باد مردہ باد لگانا شروع کرتے ہیں اور ہڑتالیں کرتے ہیں ہم صرف یہ کہتے ہیں کہ 80 ارب روپے کے بدلے آپ لوگ بلوچستان کے لوگوں کا علاج کریں اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ والے خود اپنا علاج آغا خان میں کرتے ہیں ریکارڈ موجود ہیں کسی نے تو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو ٹھیک کرنا ہے ہم نہیں چاہتے ہیں ہم اسی ارب بھی خرچ کریں اور ہمارے ہسپتال بھی ویران ہوں انھوں نے مزید کہا اب جس کسی کو سرکاری ملازمت کرنی ہے اسے سرکاری ڈیوٹی کرنی ہوگی چاہے اس کی ڈیوٹی کہیں پر بھی ہوں انھوں نے مزید کہا چاغی کے جس یونین کونسل میں اسکول نہیں ہے ہم ان یونین کونسل میں پرائمری، مڈل اور ہائی اسکول بنادینگے اور اسی یونین کونسل کے لوگوں کو کنٹریکٹ بنیاد پر بھرتی کرینگے والہندین ہسپتال کا کوٹہ ایک کروڑ سے بڑھا کر دو کروڑ کردینگے، انھوں نے مزید کوئی بھی سرکاری نوکری نہیں بھکے گی سب میرٹ پر ہونگے اور واحد اسکول فیڈرل بنادیگا اگر وہاں سے کہیں ہوا اگلے بجٹ میں سب سے پہلے والہندین میں بنادونگا، انھوں نے ضلع کونسل کے لیے 15 کروڑ روپے کا بھی اعلان کردیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا ریکوڈک، سیاہ ڈک اور بڑی بڑی ملٹی نیشنل کمپنیاں کام کررہے ہیں اب کام شروع ہوچکا ہے سب سے پہلے مقامی لوگوں کا حق ہے اور مقامی لوگ ہی مستفید ہونگے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ سوہائی وزیر شعیب نوشیروانی، ایم این اے انجینئر عثمان بادینی، سینیٹر دنیش کمار، کمشنر رخشان محبوب لہرانی، ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء اللہ مینگل، ڈی آئی جی پولیس و دیگر آفیسران تھے وزیراعلیٰ بلوچستان سابق مشیر میر اعجاز خان جنجرانی کی دعوت پر نوکنڈی آئے تھے تقریب سے میر اعجاز خان جنجرانی، ڈسٹرکٹ چیئرمین میر عبدالودود خان جنجرانی، وائس چیئرمین میر اسفندیار خان یار محمد زئی نے خطاب کیا وزیراعلیٰ بلوچستان کو چاغی کے جملہ مسائل سے آگاہ کیا اور انکا شکریہ ادا کیا تقریب میں ضلع بھر سے قبائلی عمائدین اور سیاسی پارٹی کے سیاسی زعماء نے بھی شرکت کیا

وہ تاریخی طور پر پارلیمنٹ سے حاصل کی جاسکی ہے ہمیں پارلیمنٹ نے وہ حقوق دیئے ہیں چاہے وہ ہمارا صوبہ ہوں ون یونٹ کا خاتمہ ہوں چاہے وہ اٹھارویں ترمیم ہوں، انھوں نے مزید کہا یہ جو بندوق کے ذریعے ہم پر اپنا نظریہ مسلط کی جارہی ہے اور اسے قوم پرستی کا نام دیا جارہا ہے یہ انتہائی نامناسب عمل ہے بندوق سے ہمیشہ بھوک اور افلاس وجود میں آیا ہے بندوق سے کبھی خوشحالی نہیں آسکتی ہے اگر اس بندوق کے ذریعے بلوچستان آزاد ہوسکتا ہے اسکا جواب نفی میں ہے بندوق کے ذریعے ریاستیں ٹوٹا نہیں کرتے وہ بھی ایک منظم ریاست جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی ہے۔ انھوں نے مزید کہا ہم بندوق کی بجائے یہ کہہ دیں کہ ہمارے پاس ترقی نہیں ہے یہ بات درست ہیں بلوچستان میں وہ ترقی نہیں ہے جو بلوچستان کا حق ہے لیکن یہ مسلہ صرف بلوچستان کا نہیں ہے غور سے دیکھے یہ پورے پاکستان کا مسلہ ہے اسکا مثال یہ ہے جو ترقی کوئٹہ کی ڈیولپ ہوئی ہے کیا وہ چاغی میں ہوئی ہے اس طرح کے مسائل بہت سے دیگر ممالک میں بھی ہے اور انکے دور دراز علاقوں میں ہے جیسے بلوچستان کا سب سے لمبا واٹر سپلائی نوکنڈی کا ہے جو اسی کلومیٹر ہے، انھوں نے مزید کہا بلوچستان کے پاس اس وقت جو وسائل ہے وہ دوسو دس ارب روپے کے قریب ہیں اس حکومت سے قبل ان پیسوں کو خرچ کرنے کی قابلیت نہیں تھی وہ یہ پیسے بھی خرچ نہیں کرتے تھے یہ پیسے بلوچستان کے ان دور دراز علاقوں کے لوگوں کے امانت تھے جو ہمارے حکمران نمائندے ہیرو کر کسی خرچ نہیں کرتے تھے انشاء اللہ پہلی دفعہ ہماری حکومت ان پیسوں کو خرچ کریگا سو فیصد خرچ نہ کرسکیں 90 فیصد ضرور گراؤنڈ پر خرچ کرینگے، انھوں نے مزید کہا ہم نے بلوچستان کے لوگوں کو وہ ترقی نہیں دی ہے جو بلوچستان کے لوگوں کا حق بنتا ہے لیکن ہماری

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اتوار 19 جنوری 2025ء

عوام وکارکنان کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان سے دورہ چاغی کے دوران پی پی چاغی کے صدر کی قیادت میں وفد کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

چاغی (رخ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے دورہ چاغی کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چاغی کے صدر ملک رحمت اللہ نوتیزئی کی قیادت میں پارٹی عہدیداروں کے وفد نے ملاقات کی ملاقات میں ضلعی عہدیداروں نے وزیراعلیٰ کو کارکنان اور..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے پارٹی کارکنان اور عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے اور وفد کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز پر عملدرآمد کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات کے مطابق عوام اور پارٹی کارکنان کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ پارٹی کے عہدیداران اور کارکنان عوام کے مسائل کی نشاندہی کریں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا جان محمد روڈ پر سلینڈر دھماکے کے واقعے کا فوری نوٹس

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے علاقے جان محمد روڈ پر گیس سلینڈر دھماکے کے..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

واقعے کا فوری نوٹس لے لیا۔ وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر پی ڈی ایم اے (پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی) کی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور متاثرہ گھر کا معائنہ کیا۔

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نوکنڈی پہنچنے پر ثقافتی انداز میں استقبال کیا جارہا ہے

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میر ک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو ثقافتی پگڑی اور شال پہنا رہے ہیں

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ثقافتی قالین کا تحفہ پیش کیا جارہا ہے

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو قبائلی رہنما، میر محمد عاصم سنجرانی بلوچی دستار پہنا رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. ۶

سینچری ایکسپریس کوئٹہ
روزنامہ
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 23 شمارہ 38 | اتوار، 18 رجب المرجب، 19 جنوری 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

لاحاصل جنگ میں کچھ نہیں صوبے کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، وزیر اعلیٰ

نوجوانوں کو تعلیم و ترقی کے مواقع دینگے، کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی، ریکوڈک منصوبے پر پہلا حق چاغی و رخشان ڈویژن کے عوام کا ہے، نوکنڈی میں اجتماع سے خطاب

کانکنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں اضافہ ہوا، ریکوڈک منصوبے کے دورے پر گفتگو، یہ منصوبہ کانکنی کی صنعت میں سنگ میل ہے، مارک بریسٹو

چاغی، نوکنڈی (نمائندہ ایکسپریس + پی آر او) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست سب سے مقدم ہے لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں اور پاکستان سے ہی ہمارا مستقبل وابستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں نوکنڈی میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، سینیٹر دنیش کمار اور میر اعجاز سنجرانی بھی موجود تھے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہر قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہ کر ترقی کا حصہ بنا (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری سے نمٹنے کے لیے ہنرمندی اور نوجوانوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا ہوگی اپنے نوجوانوں کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کریں گے یقین دلاتے ہیں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی۔ نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں ان کے گھر کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کار آرہے ہیں جو صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے ریکوڈک کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس منصوبے پر پہلا حق چاغی رخشان ڈویژن کے عوام کا ہے اس کے بعد اگر کچھ بچتا ہے تو باقی بلوچستان پر خرچ ہوگا جیسا کہ تفتان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت قائم ایل پی جی پلانٹ سے حاصل ہونے والا ریونیو تفتان کے عوام پر خرچ ہوگا انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم اور قانونی تجارت کو اپنائیں اور غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہیں۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ پاکستان ہی ہمارا مستقبل ہے اور ریکوڈک کی صورت میں چاغی سے پاکستان کی ترقی کا نیا سفر شروع ہوگا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کے لیے 15 کروڑ روپے گرانٹ اور سول اسپتال کے لیے ادویات کا بجٹ دو کروڑ روپے کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے چاغی میں دانش پبلک اسکول کے قیام کے لیے بھی اقدامات کی یقین دہانی کرائی میر سرفراز بگٹی نے عوام کو یقین دلایا کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور صوبے کی خوشحالی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کی ترقی کے فیصلے نے بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو نمایاں طور پر بڑھا دیا ہے منصوبے سے حاصل ہونے والا ریونیو چاغی اور رخشان ڈویژن کی عوام پر خرچ ہوگا تاکہ اس قیمتی اثاثے کے اصل شراکت دار زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کر سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریکوڈک منصوبے کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مقامی کمیونٹیز کو معیاری صحت، تعلیم اور ہنر سازی کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے کام کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) کے سماجی ترقی کے منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات حکومت کے وژن کے مطابق ہیں وزیر اعلیٰ نے نوکنڈی مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر اور ہنر فاؤنڈیشن ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا بھی دورہ کیا اور فراہم کی جانے والی خدمات کو سراہا اس موقع پر بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برسٹو نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کی کان کنی کی صنعت کی ترقی میں ایک سنگ میل ہے انہوں نے کہا کہ "ریکوڈک نے خطے میں کان کنی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔ بیرک گولڈ کارپوریشن بطور آپریٹر اس منصوبے کو علاقائی ترقی کے لیے ایک اہم محرک بنانے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بیرک کارپوریشن نے ریونیو حاصل ہونے سے پہلے ہی تعلیم، صحت، صاف پانی کی فراہمی اور ہنر کی ترقی جیسے شعبوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) اقدامات شروع کر دیے ہیں تاکہ مقامی لوگوں کو تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکیں مارک برسٹو نے بتایا کہ اس سال منصوبے کا آغاز ہوگا اور 2028 کے آخر میں پیداوار شروع ہو جائے گی انہوں نے کہا کہ ریکوڈک عالمی معیار کی ایک مائننگ بننے جا رہا ہے اور بیرک گولڈ کارپوریشن وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے مابین قبل اضافہ شراکت دار کے طور پر اپنا ثبت کردار ادا کرے گی۔

نوکنڈی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک بریسٹو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

نوکنڈی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. ۵

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر بی ایس I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز اتوار 19 جنوری 2025ء بمطابق 18 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 18

بیرونی طاقتوں کے ذریعے صوبے کی حالیہ بگاڑنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی

میر سرفراز بگٹی

منفی پروپیگنڈوں پر یقین نہ کریں، ریکوڈک سے پورا بلوچستان خوشحال اور ترقی کریگا، ریکوڈک کمپنی کے فنڈز سے چلنے والے اداروں کے دورے کے دوران میڈیا سے گفتگو، ریاست سب سے مقدم ہے، اجتماع سے خطاب

ترقی کیلئے سنگ میل ہے، سی ای او بیرک گولڈ مارک برسٹو، حکومت مقامی کمیونٹیز کو معیاری صحت، تعلیم اور ہنر سازی کے ذریعے بااختیار بنانے کیلئے کام کررہی ہے، وزیراعلیٰ کی بات چیت

(انتخاب نیوز + ایجنسیز + بیج)

گانو جوان نسل منفی پروپیگنڈوں پر یقین نہ کریں جو قومی سے پورا بلوچستان خوشحال اور ترقی کرے چاہتے ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی کرینگے ان بیرونی طاقتوں کے ذریعے صوبائی حالات خراب کرنا خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نوکنڈی میں عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

نوکنڈی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ریکوڈک مائننگ کمپنی کے تعاون سے قائم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کا معائنہ کررہے ہیں

ریکوڈک کمپنی کے فنڈز سے چلنے والے اداروں ہسپتال اور ہنر فاؤنڈیشن کے دورے کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ یہ تاثر غلط ہے کہ بلوچستان کے وسائل کو لوٹا جارہا جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہاں کے وسائل کو اسی صوبے کی ترقی اور خوشحالی پر خرچ کیے جارہے ہیں

بقیہ نمبر 40 صفحہ 5 پر

انہوں نے کہا ہمارے اپنے لوگوں بیرونی سازشوں کا حصہ بن کر صوبے کے حالات خراب کررہے ہیں جنہیں ریاست ان کے ہی زبان میں جواب دے رہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا سوشل میڈیا کے ذریعے جو منفی پروپیگنڈہ کیا جارہا تاکہ نوجوانوں میں غلط تاثر پیدا کیا جاسکیں مگر حکومت ایسے سازشوں کے روک تھام کی کوشش کررہا ہے جو نوجوان غلط راستوں پر جارہے ہیں حکومت انہیں گلے لگا کر قومی دائرے میں شامل کررہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست سب سے مقدم ہے لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں اور پاکستان سے ہی ہمارا مستقبل وابستہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں نوکنڈی میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، سینیٹر دنیش کمار اور میر اعجاز سنجرانی بھی موجود تھے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہر قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہ کر ترقی کا حصہ بننا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری سے نمٹنے کے لیے ہنرمندی اور نوجوانوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا ہوگی اپنے نوجوانوں کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کریں گے یقین دلاتے ہیں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں ان کے گھر کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کار آرہے ہیں جو صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کے لیے 15 کروڑ روپے گرانٹ اور سول اسپتال کے لیے ادویات کا بجٹ دو کروڑ روپے کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے چاغی میں دانش پبلک اسکول کے قیام کے لیے بھی اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کی ترقی کے فیصلے نے بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو نمایاں طور پر بڑھا دیا ہے منصوبے سے حاصل ہونے والا ریونیو چاغی اور رخشان ڈویژن کی عوام پر خرچ ہوگا تاکہ اس قیمتی اثاثے کے اصل شراکت دار زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو ریکوڈک منصوبے کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مقامی کمیونٹیز کو معیاری صحت، تعلیم اور ہنر سازی کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے کام کررہی ہے میر سرفراز بگٹی نے ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDM) کے سماجی ترقی کے منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات حکومت کے وژن کے مطابق ہیں وزیراعلیٰ نے نوکنڈی مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر اور ہنر فاؤنڈیشن ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا بھی دورہ کیا اور فراہم کی جانے والی خدمات کو سراہا اس موقع پر بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برسٹو نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کی کان کنی کی صنعت کی ترقی میں ایک سنگ میل ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 | اتوار 19 جنوری 2025ء بمطابق 18 رجب 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 19

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی انڈس ہسپتال نوکنڈی میں زیر علاج مریض کی عیادت کر رہے ہیں

ریکوڈک منصوبہ ملک کی تقدیر بدل دے گا

بلوچستان کے عوام کو ریاست کیساتھ ہیں احاصل جنگ فضول ہے، میر سرفراز بگٹی

ریکوڈک نے خطے میں کانکنی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے کمپنی نے ریونیو ملنے سے قبل ہی علاقے میں تعلیم صحت صاف پانی اور روزگار کا سلسلہ جاری کر دیا ہے، دورے کے موقع پر بات چیت

بلوچستان کے عوام ہر قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہ کر ترقی کا حصہ بننا چاہتے ہیں وزیراعلیٰ کا عوامی اجتماع سے خطاب، چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کیلئے 15 کروڑ روپے گرانٹ کا اعلان

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نوکنڈی میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

نوکنڈی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ریکوڈک مائننگ کمپنی کے تعاون سے قائم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

نوکنڈی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست سب سے مقدم ہے لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں اور پاکستان سے ہی ہمارا مستقبل وابستہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں نوکنڈی میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، سینیٹر دنیش کمار اور میر اعجاز جمالی بھی موجود تھے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہر قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہ کر ترقی کا حصہ بننا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ بے روزگاری سے نمٹنے کے لیے ہنرمندی اور نوجوانوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا ہوگی اپنے نوجوانوں کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کریں گے یقین دلاتے ہیں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں ان کے گھر کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کار آرہے ہیں جو صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے ریکوڈک کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس منصوبے پر پہلا حق چاغی رخشان ڈویژن کے عوام کا ہے اس کے بعد اگر کچھ بچتا ہے تو باقی بلوچستان پر خرچ ہوگا جیسا کہ تفتان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت قائم ایل پی جی پلانٹ سے حاصل ہونے والا ریونیو تفتان کے عوام پر خرچ ہوگا انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم اور قانونی تجارت کو اپنائیں اور غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہیں وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ پاکستان ہی ہمارا مستقبل ہے اور ریکوڈک کی صورت میں چاغی سے پاکستان کی ترقی کا نیا سفر شروع ہوگا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کے لیے 15 کروڑ روپے گرانٹ اور سول اسپتال کے لیے ادویات کا بجٹ دو کروڑ روپے کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے چاغی میں دانش پبلک اسکول کے قیام کے لیے بھی اقدامات کی یقین دہانی کرائی میر سرفراز بگٹی نے عوام کو یقین دلایا کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور صوبے کی خوشحالی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔

نوکنڈی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کی ترقی کے فیصلے نے بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو نمایاں طور پر بڑھا دیا ہے منصوبے سے حاصل ہونے والا ریونیو چاغی اور رخشان ڈویژن کی عوام پر خرچ ہوگا تاکہ اس قیمتی اثاثے کے اصل شراکت دار زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو ریکوڈک منصوبے کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مقامی کمیونٹیز کو معیاری صحت، تعلیم اور ہنر سازی کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے کام کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) کے سماجی ترقی کے منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات حکومت کے وژن کے مطابق ہیں وزیراعلیٰ نے نوکنڈی مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر اور ہنر فاؤنڈیشن ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا بھی دورہ کیا اور فراہم کی جانے والی خدمات کو سراہا اس موقع پر بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برسٹو نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کی کان کنی کی صنعت کی ترقی میں ایک سنگ میل ہے انہوں نے کہا کہ "ریکوڈک نے خطے میں کان کنی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔ بیرک گولڈ کارپوریشن بطور آپریٹر اس منصوبے کو علاقائی ترقی کے لیے ایک اہم محرک بنانے کے لیے پرعزم ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | اتوار 19 جنوری 2025ء بمطابق 18 رجب المرجب 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔19

بندوق سے ریاستیں ٹوٹا نہیں کرتیں

ولا حاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، میر سرفراز بگٹی

پاکستان ہی ہمارا مستقبل ہے، بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کار آرہے ہیں، ریکوڈک پر پہلا حق چاغی کے عوام کا ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت قائم ایل پی جی پلانٹ کا ریونیو تفتان کے عوام پر خرچ ہوگا

ریکوڈک کی صورت میں چاغی سے ہی پاکستان کی ترقی کا سفر شروع ہونے والا ہے، چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کے لئے 15 کروڑ روپے گرانٹ، سول اسپتال کے لئے ادویات کا بجٹ دو کروڑ روپے کرنے کا اعلان

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست سب سے مقدم، لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، بیروزگاری سے نمٹنے کیلئے ہنرمندی پر توجہ دینی ہوگی، بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کار آرہے ہیں، ریکوڈک پر پہلا حق چاغی کے عوام کا ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت تفتان میں قائم ایل پی جی پلانٹ کا ریونیو تفتان کے عوام پر خرچ ہوگا، یہ بات انہوں نے ہفتہ کو ضلع چاغی کے دورے کے موقع پر ٹوکنڈی میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گڈ گورننس پہلی ترجیح، کوئی سرکاری ملازمت فروخت نہیں ہوگی، نوجوانوں کو میرٹ پر نوکری ان کے گھر کی دہلیز پر ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل تعلیم اور قانونی تجارت سے وابستہ

(بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)



ٹوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

ہے اور اسے قوم پرستی کا نام دیا جارہا ہے یہ انتہائی نامناسب عمل ہے بندوق سے ہمیشہ بھوک اور افلاس وجود میں آیا ہے بندوق سے کبھی خوشحالی نہیں آسکتی ہے اگر اس بندوق کے ذریعے بلوچستان آزاد ہوسکتا ہے اسکا جواب نفی میں ہے بندوق کے ذریعے ریاستیں ٹوٹا نہیں کرتے وہ بھی ایک منظم ریاست جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی ہے۔ انھوں نے مزید کہا ہم بندوق کی بجائے یہ کہہ دیں کہ ہمارے پاس ترقی نہیں ہے یہ بات درست ہیں بلوچستان میں وہ ترقی نہیں ہے جو بلوچستان کا حق ہے لیکن یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں ہے غور سے دیکھے یہ پور۔ پاکستان کا مسئلہ ہے اسکا مثال یہ ہے جو ترقی کوئٹہ ڈیلپ ہوئی ہے کیا وہ چاغی میں ہوئی ہے اس طر۔ کے مسائل بہت سے دیگر ممالک میں بھی ہے ا اسکے دور دراز علاقوں میں ہے جیسے بلوچستان کا سا سے لمبا واٹر سپلائی نوکنڈی کا ہے جو اسی کلومیٹر ہ انھوں نے مزید کہا بلوچستان کے پاس اس وقت وسائل ہے وہ دو سو دس ارب روپے کے قریب ہے بارڈر ایریا کے نوجوانوں کو زمباد کے ذریعے تیل اسمگل سے نکل کر قانونی تجارت کی طرف آنا ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ہی ہمارا مستقبل ہے، ریکوڈک کی صورت میں چاغی بلوچستان سے ہی پاکستان کی ترقی کا سفر شروع ہونے والا ہے، وزیر اعلیٰ نے چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کے لئے 15 کروڑ روپے گرانٹ، سول اسپتال کے لئے ادویات کا بجٹ دو کروڑ روپے کرنے کا اعلان اور چاغی میں دانش پبلک اسکول کے قیام کے لئے اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے کہا کہ آج میں اس سرزمین پر کھڑا ہوں بلوچستان میں جس طرح کے حالات رہے ہیں ان قبائل نے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستانی ریاست سے جڑے رہے ہیں اور مضبوط کردار ادا کیا ہے۔ یہ جو بلوچستان کے موجودہ حالات ہیں ہمیں بحیثیت بلوچ کس منزل کی طرف دھکیلا جارہا ہے کیا یہ منزل حاصل کی جاسکتی ہے جس جنگ کی طرف ہمیں مسلط کی جارہی ہے جس جنگ کی بنیادی وجوہات بتائی جارہی ہے یہ جنگ یہ بندوق کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے بحیثیت بلوچ بحیثیت بلوچستان آج تک ہمیں جو حقوق ملے ہیں وہ تاریخی طور پر پارلیمنٹ سے حاصل کی جاسکی ہے ہمیں پارلیمنٹ نے وہ حقوق دیئے ہیں چاہے وہ ہمارا صوبہ ہوں ون یونٹ کا خاتمہ ہوں چاہے وہ اٹھارویں ترمیم ہوں۔ انھوں نے مزید کہا یہ جو بندوق کے ذریعے ہم پر اپنا نظریہ مسلط کی جارہی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ

بروز اتوار 19 جنوری 2025ء

پارٹی کارکنان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

پارٹی کے عہدیداران اور کارکنان عوام کے مسائل کی نشاندہی کریں

چاغی (رخ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے دورہ چاغی کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چاغی کے صدر ملک رحمت اللہ نوتیزئی کی قیادت میں پارٹی عہدیداروں کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلعی عہدیداروں نے وزیراعلیٰ کو کارکنان اور (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر)

عوام کے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے پارٹی کارکنان اور عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے اور وفد کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز پر عملدرآمد کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات کے مطابق عوام اور پارٹی کارکنان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ پارٹی کے عہدیداران اور کارکنان عوام کے مسائل کی نشاندہی کریں تاکہ ان مسائل کو فوری طور پر حل کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں، اور کوشش ہے کہ عوام اور کارکنان کو ان کے دہلیز پر روزگار فراہم ہو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوامی خدمت اور مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

نوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برینسٹو کو ثقافتی پگڑی اور شال پہنا رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Time

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BT

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 983 QUETTA Sunday January 19, 2025 /Rajabul Murajjab 18, 1446

NAUKUNDI: Chief Minister of Balochistan Mir Sarfaraz Bugti addressing a public gathering on Saturday.

Reko Diq project to unlock

Action taken against illegal shops, price gouging

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 19 JAN 2025

Page No. 10

MASHRIQ QUETTA

حکومت نے میرٹ کی پامالی کے الزامات کا نوٹس لے لیا، ظہور بلیدی

معاملے کی چھان بین کیلئے انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی، ملوث افسران کیخلاف کارروائی ہوگی، صوبائی وزیر

تربت (نامہ نگار) صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے میرٹ کی پامالی کے الزامات کا سخت نوٹس لیا گیا ہے۔ معاملے کی چھان بین کے لئے انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ انکوائری کمیٹی تمام الزامات کی مکمل تحقیقات کرے گی اور میرٹ پالیسی کے برخلاف تعیناتیوں پر ملوث افسران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت کسی بھی حالت میں قابل اور مستحق نوجوانوں کے حقوق کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دے گی۔ ظہور بلیدی نے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ انصاف کو یقینی بنایا جائے گا اور ذمہ داران کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی۔

بلوچستان میں جعلی ادویات اور لوکل کمپنی کی بھرمار، صوبائی وزیر صحت نوٹس لیں

ایم ایس کے MSK کمپنی جعلی ادویات بنانے میں ملوث ہے، مرکزی تنظیم تاجران

فارم 7 اور بغیر لائسنس ادویات انسانی جانوں کیلئے زہر قاتل ہے، سیف الدین شار

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سیف الدین شار نے ایک بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت، ڈی جی صحت، ڈرگ انسپکٹر بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جعلی ادویات فارم 7 اور بغیر لائسنس ادویات کی بھرمار ہے جعلی ادویات..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

انسانی جانوں کیلئے زہر قاتل ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 607 لوکل کمپنیاں جعلی فارم 7 اور بغیر لائسنس کا کام کر رہا ہے اس گھناؤنا کاروبار میں ملوث تاجروں کیخلاف کاروائی عمل میں لائی جائے، پاکستان کے مختلف شہروں لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد، کراچی، پشاور اور دیگر شہروں سے لوکل کمپنیاں بغیر لائسنس کام کر رہا ہے تاجر زرائع کے یہ کمپنیاں میڈیسن ڈسٹری بیوٹرز کی نشاندہی پر 25 روپے کی سیرپ پر 180 روپے ریٹ لگا کر فروخت کر رہا ہے، ڈاکٹر بانو روڈ، پیٹ روڈ، طاہر خان روڈ، سرکی روڈ پر سینکڑوں جعلی ادویات کمپنیاں کام کر رہی ہے

علی حسن زہری کے ساتھ تعلقات بہترین ہیں، جام کمال خان

جب کی ترقی کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رہیں گی، وفاقی وزیر

جب (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ جب کی ترقی کے لیے میر علی حسن زہری کی خدمات قابل تحسین ہیں اور ہم مل کر علاقے کی ترقی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہمارے اور میر علی حسن زہری کے درمیان تعلقات مضبوط ہیں، لیکن بعض عناصر اس اتحاد کو دیکھنا پسند نہیں کرتے اور غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں..... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جام کمال خان نے کہا کہ میر علی حسن زہری جب کی ترقی کے لیے بہترین کام کر رہے ہیں، اور ان کے ساتھ مل کر جب کے عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے ہم مزید اقدامات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین کی بے بنیاد باتوں میں کوئی صداقت نہیں ہے، اور ہم افواہوں پر توجہ دیے بغیر جب کے عوام کی خدمت جاری رکھیں گے جام کمال خان نے مخالفین پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ جب کی ترقی کو روکنے کے لیے منفی ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں، لیکن ہم انہیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا اتحاد جب کی ترقی اور عوام کی خدمت کے لیے ہے، اور کسی قسم کی سازش ہمارے عزم کو کمزور نہیں کر سکتی جام کمال خان نے آخر میں کہا کہ جب کے عوام کو تعلیم، صحت، اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے میر علی حسن زہری کے ساتھ ہمارا تعاون جاری رہے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور ترقی کے اس سفر میں ہمارے ساتھ کھڑے رہیں ہم جب کی ترقی چاہتے ہیں اور میر علی حسن زہری کے ساتھ مل کر عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

پارٹی میں کوئی اختلافات نہیں جو مسائل ہیں ان کو حل کرینگے، شعیب نوشیروانی

نظریاتی کارکنان پارٹی کا قیمتی اثاثہ، مسائل کا حل پارٹی قیادت کی ترجیحات میں شامل ہے

نواز شریف کی قیادت میں ہر فورم پر آواز بلند کرتے ہوئے بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے میں سرگرم ہے

سی (آئی این پی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ نظریاتی کارکنان پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں ان کو درپیش مسائل کے حل اور مشکلات کا خاتمہ پارٹی قیادت کی ترجیحات میں شامل ہے پارٹی کے نظریاتی کارکنان کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے ومسائل ..... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

میں رہ کر پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ کارکنان کی مشکلات کا ازالہ ممکن بناتے ہوئے بلوچستان کو ترقی خوشحالی کی جانب گامزن کرنے میں اہم رول پلے کیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر نوجوان لیڈر میر شعیب نوشیروانی سے مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما فرید افغان و جہانگیر خان خروٹی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کی وفد میں مسلم لیگ ن بی ڈویژن سابق ڈویژنل صدر و پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر میر منیر کاٹی، میر روف، قدیم خان ناصر، نور درانی میر ظہور بنگلوئی سمیت دیگر نظریاتی کارکنان موجود تھے اس موقع پر فرید افغان سمیت دیگر ساتھیوں نے نظریاتی کارکنان کو نظر انداز کرنے سمیت دیگر اہم امور پارٹی کارکنان کو درپیش مسئلہ مسائل کے حوالے سے تفصیلی آگہی فراہم کی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 19 JAN 2025

Page No. 11

پلاسٹک تھیلوں کی خرید وفروخت کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی، کمشنر کوئٹہ

حمزہ شفقات کی زیر صدارت اجلاس میں صفا کوئٹہ کی کارکردگی، ٹریفک نظام کی بہتری و دیگر امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن و ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ محمد حمزہ شفقات کی زیر صدارت میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ، بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی، ٹریفک پولیس کوئٹہ کے افسران اور صفا کوئٹہ کے نمائندگان کا اجلاس ہوا، جس میں کوئٹہ شہر کی مجموعی طور پر صفائی، صفا کوئٹہ کی کارکردگی اور ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف تجاویز زیر غور لائی گئیں۔ اجلاس میں کہا گیا کہ کوئٹہ شہر میں پلاسٹک کے کوڑے کی پیداوار میں کمی کے لئے پلاسٹک تھیلوں کی خرید وفروخت کرنے والے ہول سیلرز کے خلاف سخت کارروائیاں کی جائیں گی تاکہ شہر میں پلاسٹک کے باعث ہونے والی آلودگی پر قابو پایا جاسکے، اجلاس میں کوئٹہ شہر کی صفائی ستھرائی وخوبصورتی میں مزید بہتری لانے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

آئی جی ایف سی نارتھ سے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء کی ملاقات

اساتذہ اور طلباء نے قیام امن کیلئے ایف سی کے کردار کو سراہا میجر جنرل عابد مظہر نے سوالات کے جواب دیئے

کوئٹہ (این این آئی) آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ میجر جنرل عابد مظہر سے ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء وفیکلٹی ممبرز نے ملاقات کی۔ لسبیلہ یونیورسٹی، اوستہ محمد، نصیر آباد اور جعفر آباد کے ڈگری کالجز کے 250 سے زائد طلباء وفیکلٹی ممبرز نے ملاقات میں قیام امن میں ایف سی کی کاوشوں، تعلیم اور دیگر پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر نے حاضرین سے مفصل گفتگو اور ان کے سوالات کے جوابات دیئے، اس موقع پر اساتذہ اور طلباء نے قیام امن میں ایف سی بلوچستان کے کردار کو سراہا اور شہداء کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر نے اساتذہ اور طلباء کو معاشرے کا اہم ستون قرار دیتے ہوئے طلباء کو ملکی ترقی، امن وسلامتی کے لئے بھرپور کردار ادا کرنے کی تلقین کی۔

مستقل غیر حاضر رہنے والے 372 اساتذہ ملازمت سے برطرف

272 کو معطل کر دیا گیا، 3270 اساتذہ کی تنخواہوں سے غیر حاضری کی کٹوتی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ صحت کے بعد محکمہ تعلیم بھی ایکشن میں آگیا، مستقل غیر حاضر رہ کر تنخواہیں لینے والے 372 اساتذہ کو ملازمت سے برطرف جبکہ، 272 کو معطل کر دیا گیا، 3270 اساتذہ کی تنخواہوں سے غیر حاضری کی کٹوتی کی گئی ہے۔ ڈائریکٹر محکمہ تعلیم بلوچستان اختر کھیتران نے بتایا کہ انکشاف ہوا تھا کہ صوبے میں اساتذہ کی بڑی تعداد گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہی ہے جبکہ کچھ اساتذہ بیرون ممالک میں قیام پذیر ہیں، جس کا وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے نوٹس لیتے ہوئے غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم نے عادی غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائیوں کا آغاز کرتے ہوئے مستقل غیر حاضرہ کر تنخواہیں لینے والے 372 اساتذہ کو ملازمت سے برطرف کر دیا ہے جبکہ 272 اساتذہ کو معطل کیا گیا، 3270 اساتذہ کی تنخواہوں سے کٹوتی کی گئی ہے۔

کوئٹہ: درختوں کی کٹائی پر مقامی شاپنگ مال کو ایک کروڑ 70 لاکھ روپے جرمانہ

بااجازت درخت کاٹنے پر محکمہ جنگلات کے ذمہ داروں نے مقدمہ درج کرکے شاپنگ مال کی انتظامیہ کو جرمانہ کیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر محکمہ جنگلات نے حالی روڈ پر چنار کے درختوں کی کٹائی پر مقامی شاپنگ مال انتظامیہ کو ایک کروڑ 70 لاکھ روپے کا جرمانہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق مقامی شاپنگ مال انتظامیہ نے حالی روڈ پر بغیر اجازت چنار کے درخت کاٹ دیئے تھے جس پر محکمہ جنگلات کوئٹہ ڈویژن کے کنزرویٹر محمد نیاز خان کاکڑ نے فاریسٹ گارڈ نور روز خان کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے مال انتظامیہ کو ایک کروڑ 70 لاکھ روپے کا جرمانہ کردیا۔ محکمہ جنگلات نے بلوچستان یونیورسٹی اور شہباز میں بھی درختوں کی کٹائی پر نوٹس لیتے ہوئے 3 بلاک افسران اور ایک رینج فاریسٹ افسر کو معطل کردیا جبکہ خلاف ورزی پر ایف آئی آر درج کی جائیگی۔ دریں اثنا محکمہ جنگلات کوئٹہ ڈویژن کے کنزرویٹر محمد نیاز خان کاکڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے واضح احکامات کے مطابق درختوں کی کٹائی کرنیوالے ماحول دشمن عناصر کیساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی درخت ہمارے ماحول کو صحت مند، خوبصورت اور رہنے کے قابل بناتے ہیں۔ درخت انسانی، ماحولیاتی اور اقتصادی فوائد کے حامل ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ کٹنے درخت لگا کر ان کی مکمل تجدید ہو اس کی جائے جس کیلئے عوامی تعاون ناگزیر ہے۔

MASHRIQ QUETTA

ریکوڈک منصوبے میں حائل ایک اور رکاوٹ ختم، سعودی عرب سے جلد معاہدے کا امکان

سعودی عرب پہلے مرحلے میں ریکوڈک منصوبے میں 10 فیصد حصص حاصل کرے گا اور مستقبل میں حصص بڑھا سکتا ہے

دونوں ممالک چند مہینوں میں معاہدے کو حتمی شکل دینے کی طرف بڑھ رہے ہیں، نظرثانی شدہ قیمت کا تخمینہ مکمل کرلیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ریکوڈک کے حکومتی حصص سعودی عرب کو بیچنے کے منصوبے کی تکمیل کی راہ میں حائل ایک اور بڑی رکاوٹ کے خاتمے کے بعد پاکستان، سعودی عرب آئندہ چند مہینوں میں معاہدے کو حتمی شکل دینے کی طرف بڑھ رہے ہیں، ایک اور متعلقہ پیشرفت میں ریکوڈک منصوبے کی..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

نظرثانی شدہ قیمت کا تخمینہ مکمل کرلیا گیا، دونوں فریق منصوبے کی بارکیوں کو حتمی شکل دینے کے مرحلے میں ہیں، سعودی عرب پہلے مرحلے میں ریکوڈک منصوبے میں 10 فیصد حصص حاصل کرے گا اور مستقبل میں حصص بڑھا سکتا ہے، ریکوڈک کی تکمیل کی راہ میں بڑی رکاوٹ کو خوش اسلوبی سے حل کیا گیا کیونکہ سعودی عرب مشینری کی خریداری کیلئے غیر ملکی زرمبادلہ کے استعمال کیلئے پاکستان سے باہر بینک اکاؤنٹ رکھنا چاہتا تھا، ایک اعلیٰ اہلکار نے بتایا اب دونوں فریقین نے اتفاق کیا ہے غیر ملکی زرمبادلہ پاکستان میں لایا جائے گا اور وسیع معاہدے پائے گا۔

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ 20 جنوری سے آپریشنل کرنے کا اعلان

ملکی اور غیر ملکی ایئر لائنز کا گوادر ایئرپورٹ کیلئے پروازیں چلانے میں دلچسپی کا اظہار

کوئٹہ (اے این این) سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو 20 جنوری سے آپریشنل کرنے کا اعلان کردیا۔ ذرائع سی اے اے نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو آپریشنل کرنے کے حوالے سے نوٹم جاری کردیا۔ نوٹم کے مطابق نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ 20 جنوری سے پروازوں کے لیے آپریشنل ہوگا۔ سی اے اے نے نوٹم جاری کرکے تمام ایئر لائنز کو آگاہ کردیا۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کے حوالے سے یہ باضابطہ طور پہلا تحریری نوٹم ہے۔ ابتدائی طور پر قومی ایئر لائن پی آئی اے کی پروازیں چلا کر نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو آپریشنل کیا جائے گا۔ ملکی اور غیر ملکی ایئر لائنز نے بھی نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پروازیں چلانے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No 27

Dated: 19 JAN 2025

Page No. 12

INTEKHAB QUETTA

بلوچستان کے مختلف اداروں میں 10 یونینز کی رجسٹریشن منسوخ

بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں بلوچستان کے مختلف اداروں میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ و دیگر زد میں آ گئی

آفیسرز ایسوسی ایشن ورکرز بورڈ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن منسوخ کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی نے بلوچستان کے مختلف اداروں میں ملازمین کی 10 یونینز کی رجسٹریشن منسوخ کر دی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں بلوچستان کے مختلف اداروں میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ ایسوسی ایشن آف پبلک سیکٹر یونیورسٹی، پی پی ایچ آئی ملازمین، بلوچستان فشریز ایسوسی ایشن، بلوچستان ٹیکنیکل سٹاف ایسوسی ایشن، سٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان ٹیکس بورڈ کوئٹہ، فیلڈ آفیسرز ایسوسی ایشن اور میڈیکل

بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر

مجسٹریٹ ایسوسی ایشن، لوکل گورنمنٹ آفیسرز ایسوسی ایشن، آفیسرز ایسوسی ایشن ورکرز بورڈ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ایمپلائز ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن منسوخ کر دی گئی ہے۔

کوئٹہ عدالت سے ضمانت پر رہا ہونے والے ڈاکٹرز کے دونوں رہنما دوبارہ گرفتار

ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کو 3 ایم پی او کے تحت گرفتار کر کے 30 روز کیلئے جیل میں بند کر دیا گیا

مذکورہ رہنما مبینہ طور پر عوام کے تحفظ اور لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کو خراب کر کے عوام کی جائیداد کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، ضلعی انتظامیہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی کارروائی، ینگ ڈاکٹرز کے رہنماؤں کو 3 ایم پی او کے تحت دوبارہ گرفتار کر لیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے حکمنامہ جاری کر دیا جس میں بتایا گیا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی رپورٹ کے مطابق عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے بلوچستان مینٹی نینس آف پبلک آرڈیننس 1960ء کے تحت ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

نے گرینڈ ہیلتھ لائنس کے رہنماء ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کو 30 دنوں کیلئے جیل میں بند کر دیا۔ حکمنامہ کے مطابق جوڈیشل حراست کے دوران خونی رشتہ داروں کے علاوہ کوئی شخص ان سے ملاقات نہیں کر سکتا۔ رپورٹ کے مطابق مذکورہ رہنماء مبینہ طور پر عوام کے تحفظ اور لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کو خراب کر کے عوام کی جائیداد کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ دوسری جانب ینگ ڈاکٹز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں رہنماؤں کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت مسائل کو حل کرنے کی بجائے ڈاکٹروں کے خلاف انتقامی کارروائی کر رہی ہے، بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈاکٹروں کے گھروں پر چھاپے اور چادر و چاردیواری کے تقدس کو پامال کر کے ان کی فیملی کو ٹارچر کر کے ڈاکٹروں کو جس بے جا میں رکھا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہنگامی اجلاس بلا کر آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا اور تمام اقدامات کی ذمہ داری سوہائی حکومت ہوگی، گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان سمیت ملک بھر میں طبی خدمات کو معطل، ایمرجنسی سروسز سے بائیکاٹ کرنے اور ریڈ زون میں ریلی سمیت تمام آپشنز پر غور کرے گی۔

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ میں چین کا اظہار دلچسپی

بی بی او آئی ٹی کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ کی چینی قونصل جنرل سے ملاقات

کراچی (خ ن) بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (بی بی او آئی ٹی) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کراچی میں عوامی جمہوریہ چین کے قونصل جنرل، یانگ سن ڈونگ سے اہم ملاقات کی جس میں بلوچستان میں کاروباری مواقع، آزاد تجارتی زونز اور سکیورٹی اقدامات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اور پاک چین اقتصادی تعلقات

(باقی صفحہ 5 نمبر 10)

کو مزید مستحکم کرنے پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں بلال خان کاکڑ نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خطے کے قدرتی وسائل، اسٹریٹجک محل وقوع، اور آزاد تجارتی زونز میں موجود مواقعوں کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے خاص طور پر گوادر کی ترقی اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نہایت اہمیت کے حامل ہیں چینی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لیے بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ نے حکومت کے ان اقدامات پر روشنی ڈالی جو کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کو یقینی بناتے ہیں انہوں نے قونصل جنرل کو یقین دلایا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے تحفظ کے لیے مؤثر سیکیورٹی اقدامات کیے گئے ہیں تاکہ بین الاقوامی شراکت داروں کا اعتماد جیتا جا سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کے ذریعے پاک چین تعلقات کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ اقدامات خطے میں معاشی خوشحالی کے لیے محرک ثابت ہوں گے اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط کریں گے قونصل جنرل یانگ سن ڈونگ نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دینے کے لیے بی بی او آئی ٹی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اقتصادی تعاون کو مضبوط کرنے کے لیے چین کی دلچسپی کا اظہار کیا اور باہمی تعاون کی اہمیت پر زور دیا تاکہ مشترکہ ترقیاتی اہداف حاصل کیے جا سکیں ملاقات کے اختتام پر دونوں فریقین نے سرمایہ کاری منصوبوں کو آگے بڑھانے اور شراکت کے نئے راستے تلاش کرنے کے لیے قریبی رابطہ قائم رکھنے پر اتفاق کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 19 JAN 2025

Page No. 13

کراچی میں گرفتار بلوچ خواتین کو فی الفور رہا کیا جائے، بی این پی

باپردہ خواتین اور بچوں پر تشدد بلوچ دشمن اقدام اور انسانی حقوق کی پامالی ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کراچی میں بلوچ خواتین و بچوں پر پولیس لاٹھی چارج اور گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پرامن احتجاجی ریلی پر پولیس گردی، بلوچ خواتین پر لاٹھی چارج آنسو گیس شیلنگ پولیس کی غنڈہ گردی وحشی ہونے کا واضح ثبوت ہے بلوچ خواتین پر بہیمانہ تشدد ناقابل برداشت عمل ہے کراچی انتظامیہ اور پولیس کے اس غیر انسانی عمل سے بلوچستان بھر کے عوام کی دل آزاری ہوئی ہے بیان میں کہا گیا کہ بلوچ معاشرے میں خواتین کو ایک نمایاں مقام حاصل ہے بدقسمتی سے اس فیڈریشن میں قانون کے پاسدار آئے روز ہماری باپردہ ماں بہنوں سے ناروا سلوک روا رکھ کر اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے انسانی حقوق کی بدترین پامالی کر رہے ہیں جس سے نفرت میں اضافہ ہو رہا ہے رسم و رواج کو پاؤں تلے روندا کر سندھ حکومت و کراچی انتظامیہ اس سے قبل بھی بلوچ دشمن پالیسیوں پر گامزن رہی ہیں اور آج بھی یہ سلسلہ جاری ہے بلوچستان سے آنے والوں کے ساتھ تصدیق کے نام پر ناروا سلوک کیا جا رہا ہے جواب تشدد تک پہنچا چکا ہے بیان میں کہا گیا کہ فوری طور پر گرفتار خواتین و بچوں کی رہائی کو یقینی بنا کر ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی جائے۔

امن و امان کی صورتحال میں حکومت ناکام ہوگئی، پشتونخوا میپ

کوئٹہ کا عوامی جرگہ مقامی قبائل اور عوام کا مشترکہ پلیٹ فارم ہوگا، عبدالرحیم زیارتوال دیگر کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کی ضلع کمیٹی کا اجلاس صوبائی سینئر نائب صدر ضلع سیکرٹری شراف آغا کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹریٹ ڈاکٹر حاجہ اچکزئی، عبدالحق ابدال، صوبائی صدر عبدالغفار روہان، صوبائی آرگنائزنگ سیکرٹری ملتان بڑیچی، صورت خان مری کاکڑ، ملک عمر کاکڑ، ڈاکٹر حسین کاسی، حضرت عمر ایڈووکیٹ، حفیظ ترین، اقبال خان بے زئی ضلعی سینئر معاون نعیم خان کاکڑ، جشید دوتانی، ولی بریالی، اصغر احمد کاکڑ سمیت ضلع آرگنائزنگ کمیٹی ضلع کوئٹہ کے عوامی جرگہ کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے مختلف تجاویز اور مختلف کمیٹیوں کی رپورٹس پیش کی گئی۔ اجلاس سے رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کا عوامی جرگہ یہاں کے مقامی قبائل اور تمام آباد عوام کے لئے ایک مشترکہ پلیٹ فارم ہوگا جس میں وہ کھل کر اپنے خیالات کا اظہار اور کوئٹہ کے عوام کو درپیش مسائل و مشکلات سے نجات کے لئے تجاویز پیش کرتے ہوئے خوشحال مستقبل کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا میپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی کی جانب سے دعوت ناموں کی تقسیم کوئٹہ کے تمام قبائلی عمائدین، زعماء، علماء، سیاسی، سماجی رہنماؤں، تاجروں، ڈاکٹروں، انجینئرز، وکلاء، اساتذہ، زمینداروں سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے معززین تک پہنچانے کا عمل تیزی کے ساتھ جاری ہے۔ کوئٹہ کا جرگہ 24,25,26 جنوری کو ہوگا جس کی صدارت مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک، پشتونخوا و خصوصاً اور بالخصوص جنوبی پشتونخوا کے عوام ہر شعبہ زندگی میں مشکلات سے دوچار ہیں، کوئٹہ جو کہ صوبائی دارالحکومت ہے یہاں کے عوام سرِ مال کے تحفظ کے سنگین مسئلے سے دوچار ہیں، ہر علاقے میں مسخ جرائم پیشہ عناصر دندناتے پھر رہے ہیں اور انہیں قانون نے کھلی چھوٹ دے رکھی ہے۔ کوئٹہ کے ہر پولیس تھانے کے احاطے میں منشیات فروشی کا کاروبار سرعام جاری ہے، چوری ڈکیتی کی وارداتیں اس حد تک بڑھ چکی ہیں کہ جرائم پیشہ عناصر مزاحمت کے دوران شہریوں کی جان لینے سے بھی نہیں کتراتے، حالانکہ پولیس بعض موقع پر ایف آئی آر تک درج نہیں کرتی اس کے باوجود تقریباً ہزار ایف آئی آر گزشتہ سال درج ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کی ابتر صورتحال کو کنٹرول کرنے میں حکومت ناکام ہے، اسی طرح عوام سے تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور انسانی زندگی کی دیگر بنیادی ضروریات و سہولیات کو بھی فراہم نہیں کیا جا رہا ہے۔ شدید سردی کے باوجود ہر علاقے میں کیس کو بند رکھا گیا ہے، شہری اس شدید سردی، بارش و برفباری میں بھی سوئی سدرن گیس کمپنی کی گیس سے محروم ہے۔ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اس سردی کے موسم میں بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے تمام ذمہ دار جرگہ کی کامیابی کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔

قید ڈاکٹرز کے ساتھ غیر انسانی سلوک قابل گرفت عمل ہے، اصغر اچکزئی

عدالتی احکامات کے باوجود تھری ایم پی او کے تحت نظر بند رکھنا توہین عدالت ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور ان کے ساتھیوں کو پابند سلاسل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک غیر جمہوری اور غیر قانونی اقدام ہے جس سے نہ صرف ان افراد کے حقوق کی پامالی ہوئی ہے بلکہ یہ ایک سنگین سیاسی انتقام کے مترادف عمل بھی ہے جیل میں ڈاکٹرز کے ساتھ ہونے والے غیر انسانی سلوک قابل گرفت عمل ہے ان ڈاکٹرز نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے انہیں اس طرح کی سزائیں دینا انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ قید رہنماؤں اور ان کے اہل خانہ کی بھی پابندی عائد ہے جو قید رہنماؤں سے ملاقات کی بھی کے لیے ایک اضافی اذیت کا سبب بن رہی ہے اے این پی بلوچستان حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ فوراً ڈاکٹر بہار شاہ اور دیگر کے خلاف بنائے گئے مقدمات ختم کر کے ان کے ساتھ ہونے والے غیر انسانی سلوک کی تحقیقات کی جائیں تاکہ ذمہ داروں کو قانون کے مطابق سزا دی جا سکے دریں اثناء اے این پی کے صوبائی بیان میں چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کی عدالت سے رہائی کے احکامات جاری ہوتے ہی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے انہیں تھری ایم پی او کے تحت ایک ماہ جیل میں نظر بند رکھنے کے احکامات کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ حکمران مسائل حل کرنے کی بجائے انتقامی کارروائیوں پر اتر آئے ہیں ڈاکٹرز کے گھروں پر چھاپے چادر اور چار دیواری کی تقدس کو پامال کرنا انہیں عدالتی احکامات کے باوجود جس بے جا میں رکھنا اور ان کے اہل خانہ کو ٹارچر کرنا قابل مذمت ہے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ توہین عدالت کے مرتکب ہوئے ان کیخلاف کارروائی کی جائے۔

پشتون ملک بھر میں بالادست طبقے کے استحصال کا شکار ہیں، خوشحال کاکڑ

تعلیم، رہائش اور تجارت ہر کسی کا حق ہے، ہمیں نفرت کے رویئے سے اجتناب کرنا ہوگا، خطاب

کراچی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سیاسی جمہوری وطن دوست، عوام دوست سیاست اور سیاسی جمہوری جدوجہد ہی زندگی کے ہر شعبے میں خودمختاری، ترقی اور خوشحالی کا ذریعہ ہے۔ سیاست اور سیاسی جمہوری جدوجہد کی مخالفت درحقیقت اقوام و عوام کو محکوم رکھنے کی عوام دشمن تدبیر ہے۔ پشتون افغان عوام کو کراچی سمیت ملک کے ہر صوبے اور ہر علاقے میں آئین و قوانین کے مطابق تجارت کاروبار محنت مزدوری، تعلیم و رہائش سمیت زندگی کے تمام بنیادی انسانی حقوق کا حق حاصل ہے۔ وہ پارٹی کے ضلع سانگھڑ کی کانفرنس سے ٹی مارکیٹ میں خطاب کر رہے تھے جس سے سیکرٹری جنرل خورشید کاکاجی، مرکزی سیکرٹری اللہ نور خان، صوبائی صدر صدیق آغا، صوبائی سیکرٹری شفیع ترین، نوتعتب ضلعی سیکرٹری نظام الدین کاکڑ اور اے این پی کے رہنما اختر خان کاکڑ نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر نظام خان اور عصمت اللہ کی قیادت میں 17 رکنی ایگزیکٹو کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ خوشحال کاکڑ نے کہا کہ پشتون افغان عوام کراچی سمیت سندھ، پنجاب میں مسافرانہ زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور ہمارے عوام یہاں قبضے کے لئے نہیں بلکہ پشتونخوا وطن میں جاری جعلی دہشت گردی، بدامنی، لاقانونیت، بیروزگاری، مہنگائی، غربت، بھوک و افلاس اور انکے تمام وسائل کی بالادست قوم کے ہاتھوں بدترین لوٹ مار اور استحصال کے باعث مجبور ہو کر ملک کے ہر علاقے میں کروڑوں کی تعداد میں پھیل گئے ہیں اور ہمیں معلوم ہے کہ کراچی سمیت سندھ سندھی قوم کا وطن ہے اور ہمارے عوام سندھی قوم کی سیاسی جمہوری جدوجہد کی ہمیشہ سے حمایت کرتے رہے ہیں، ہمیں بالادست قوم کی سازشوں سے خبردار رہتے ہوئے نفرت اور تعصب کے رویے سے اجتناب کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون افغان عوام کی کروڑوں کی آبادی سندھ اور پنجاب میں آباد ہے اور ان صوبوں کو این ایف سی ایوارڈ میں آبادی کی بنیاد پر ملنے والے کھربوں روپے کے فنڈز کے حصول میں پشتون افغان عوام کی آبادی بھی شامل ہے لیکن کراچی سمیت ان صوبوں کے ہر شہر اور ہر علاقے میں پشتون بستی آبادیاں بنیادی انسانی حقوق اور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون وطن پال، وطن دوست پارٹیوں نے سندھ، کراچی اور کراچی کے اضلاع کی سطح پر بھی اتحاد تشکیل دے کر متحد و منظم ہونا ہوگا۔ پشتونخوا نیپ کی صوبائی قیادت اس اتحاد کے لئے فوری شروعات کریں۔ انہوں نے کہا کہ سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی غیر قانونی گرفتاری اور ان پر جھوٹے مقدمات قابل برداشت نہیں ان کی فوری رہائی عوام کا مطالبہ ہے کہ ان کی رہائی میں مزید تاخیر کی صورت میں پشتونخوا نیپ ملک بھر میں بھرپور احتجاج کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں مصور کاکڑ اور ملک حکمت اللہ کا اغوا قابل مذمت اور ناقابل قبول ہے اغوا کی حفاظت بازیابی حکومت کی ذمہ داری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 19 JAN 2025

Page No. 14

تربت: مسلح افراد کا پولیس چوکی پر حملہ، سامان لوٹ کر آگ لگادی

تین رقم موٹر سائیکلوں پر آئے، ایک پولیس چوکی پر حملہ آور ہوئے کے بعد جنگل کی طرف فرار ہوگئے

تربت (نامہ نگار) پولیس چوکی پر مسلح حملہ، سرکاری سامان لوٹ کر چوکی کو نذر آتش کردیا گیا تربت (نامہ نگار) تربت پرانا چوکی پولیس ناکہ نمبر 15 پر مسلح افراد نے حملہ کرکے پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنالیا۔ حملے کے دوران حملہ آوروں نے سرکاری اسلحی وائی ٹاکی سیٹ اور دیگر سرکاری سامان تحویل میں لیا۔ حملہ آور کارروائی کے بعد چوکی کو نذر آتش کرتے ہوئے موٹر سائیکلوں پر فرار ہوگئے۔ مسلح افراد نے تین رقم موٹر سائیکلوں پر آکر اچانک پولیس چوکی پر دھاوا بولا۔ اس دوران اہلکاروں کو فیئر مسلح کرکے ان سے سرکاری سامان تحویل میں لیا گیا اور چوکی کو آگ لگادی گئی۔ واقعے کے بعد حملہ آور جنگل کی طرف فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور ملزمان کی تلاش کے لیے کارروائیاں شروع کردی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں اور ملوث عناصر کو جلد قانون کے کٹہرے میں لانے کی کوشش کی جائے گی۔

حب میں فائرنگ سے مزدور جاں بحق

حب (نامہ نگار) سالکران روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مقامی ہوٹل کا مزدور صلاح الدین عرف چنگاری سکنہ مستونگ جاں بحق ہوگیا۔

MASHRIQ QUETTA

کیپر بلڈنگ سے موٹر سائیکل چور رنگے ہاتھوں گرفتار

ہیروئینی ہوں پہلی دفعہ غلطی ہوئی پھر کبھی ایسا نہیں کروں گا، چور کی چیخ و پکار

کوئٹہ (آئی این پی) سوہائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے کیپر بلڈنگ سے موٹر سائیکل چور کو رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، موقع پر موجود لوگوں نے چور کی لاتوں اور مکوں سے درگت بنا ڈالی، میں ہیروئینی ہوں مجھے مت مارو چور کی چیخ و پکار، بعد ازاں بجلی گھر پولیس تھانے کے اہلکار موقع سے چور کو اپنے ہمراہ لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے کیپر بلڈنگ سے چور موٹر سائیکل چوری کرتے ہوئے موقع پر موجود لوگوں کے ہاتھوں پکڑا گیا جس پر ..... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

وہاں موجود لوگوں نے چور کی لاتوں اور مکوں سے درگت بنا کر اس کی خوب خاطر تواضع کی اس موقع پر چور چلا چلا کر کہتا رہا میں ہیروئینی ہوں مردار خور ہوں مجھے مت مارو پہلی بار غلطی ہوئی ہے آج کے بعد ایسا نہیں کروں گا بعد ازاں بجلی گھر تھانے کا عملہ پکڑے گئے چور کو اپنے ہمراہ لے گئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 19 JAN 2025

Page No. 15

استاحمد محمد قومی شاہراہیں رابطہ سڑکیں خستہ حال جابجا گڑھے سفر مشکل

...وں سے تباہ حال شاہراہیں بحال نہ ہوسکیں پلوں کی عدم تعمیر سے گرین بیلٹ کو ناقابل تلافی نقصان کا سامنا اقدامات کئے جائیں ٹرانسپورٹرز

استاحمد (نامہ نگار) ضلع کی اہم شاہراہیں اور رابطہ سڑکیں بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار لوگوں کو سفری صعوبتوں کا سامنا قافلہ ٹو خستہ حال سڑکوں کی وجہ سے زرعی اجناس کی کھیتوں سے شہر رسائی مشکل بن گئی ہیں ضلعی رابطہ سڑکوں میں جا ہے پڑنے سے بھاری ٹریفک کو مشکلات کا سامنا کرنا سال 2022 کے طوفانی سیلاب سے سڑکیں طویل سے بحالی کی منتظر ہیں ذرائع آمدورفت اور سندھ بلوچستان ان بین الصوبائی رابطے کی اہم شاہراہ ڈیرہ اللہ یار استاحمد روڈ پر سفر کرنا دشوار بن گیا ہے آدھے گھنٹے کا سفر دو گھنٹوں میں طے ہوتا ہے سڑک پر خطرناک گڑھے حادثات کا سبب بن رہے ہیں تین سال قبل سیلاب سے ناکارہ ہونے والی سڑکوں کی بحالی اور مرمت کے لئے فنڈز کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر اور متعلقہ محکمے کی لاپرواہی سے کئی قیمتی زندگیاں حادثات کی نظر ہو رہی ہیں سیلابی گزرگاہوں کی بحالی اور پانی کے اخراج کیلئے پلوں کی تعمیر پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی واضح رہے کہ تین تباہ کن سیلابی ریلوں سے بلوچستان کے گرین بیلٹ کو ناقص منصوبہ بندی سے ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑا مقامی ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن نے وزیر اعلیٰ چیف سیکرٹری وزیر مواصلات اور صوبائی وزیر بی اینڈ آر سے مطالبہ کیا ہے کہ استاحمد میں ذرائع مواصلات کی ترقی اور متاثرہ سڑکوں کی تعمیر کے منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ہنگامی اقدامات کئے جائیں۔

MASHRIQ QUETTA

کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں بارشیں برفباری حسب معمول گیس و بجلی غائب

محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے کئی علاقوں میں آج رات اور کل اتوار کو بارشوں کے پیش نظر سیلاب کے خطرے کی گھنٹی بجادی

ڈپٹی کمشنر، پی ڈی ایم اے اور این ایچ اے، موٹروے پولیس کی جانب سے این 25 قومی شاہراہ پر ایمرجنسی نافذ، برف ہٹانے کیلئے نمک پاشی کا کام جاری

موسم کی پیشگوئی کے بعد بلوچستان بھر میں متعلقہ قومی شاہراہوں پر ہیوی مشینری و ریسکیو ٹیمیں تعینات، بارشوں و برف باری سے پیدا صورتحال سے نمٹنے کیلئے خصوصی الرٹ

کوئٹہ + اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر + آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش اور صوبے کے مختلف علاقوں چمن، کوژک ٹاپ، شیلہ باغ، مسلم باغ، زیارت، قلعہ سیف اللہ، خانوزئی سمیت دیگر علاقوں میں پہاڑوں پر برف باری اور موسلا دھار بارش سے بجلی ..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

علاقے زیر آب آگئے ڈپٹی کمشنر پی ڈی ایم اے اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی موٹروے پولیس کی جانب سے کوئٹہ کراچی این 25 قومی شاہراہ پر ایمرجنسی نافذ کر کے برف ہٹانے اور نمک پاشی کا کام جاری ہے محکمہ موسمیات کی جانب سے گزشتہ روز کوئٹہ اور بلوچستان کے شمالی علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برف باری کی پیش گوئی کی گئی تھی کہ 18 جنوری سے 21 جنوری تک کوئٹہ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش اور برف باری ہوگی جس کی وجہ سے متعلقہ محکموں کے حکام کی جانب سے پہلے کی الرٹ جاری کر کے حفاظتی انتظامات کیلئے اقدامات اُٹھائے گئے تھے اور متعلقہ مقامات اور قومی شاہراہوں پر ہیوی مشینری اور ریسکیو ٹیموں کو تعینات کر دیا گیا تھا تاکہ بارش اور برف باری سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹتے ہوئے سڑکوں سے برف کو ہٹا کر عوام کو مشکلات سے نجات دلانے کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی روانی کو یقینی بنایا جاسکے گزشتہ شب سے ہونے والی بارش اور ہفتے کو شروع ہونے والی برف باری کے باعث کوئٹہ چمن شاہراہ پر، کوژک ٹاپ، شیلہ باغ، چمن، پرانا چمن، گلستان، سرانان، پشین، قلعہ عبداللہ، جنگل پیر علیزئی، توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی، سمیت دیگر مقامات پر قومی شاہراہ پر شدید برف باری کے باعث ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر نے تیز برف باری کے باعث مذکورہ شاہراہ پر ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے پرانا چمن، کوژک ٹاپ اور شیلہ باغ کے مقام پر تیز برف باری کے بعد برف کو ہٹانے اور نمک پاشی شروع کر دی گئی موسلا دھار بارش کے باعث مختلف علاقوں کے ندی نالوں میں طغیانی آنے سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کا احتجاج ینگ ڈاکٹرز کا کلاک ٹاور پر 2 گھنٹے ہڑتال کا اعلان

مسائل حل کرنے کی بجائے انتقامی کارروائیوں پر اترنے والی حکومت کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، ترجمان گرینڈ الائنس

ڈاکٹر بہار شاہ و ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کی رہائی کے بعد ڈی سی کی جانب سے تھری ایم پی او کے تحت 1 ماہ کیلئے جیل میں نظر بند رکھنا قابل مذمت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + آن لائن) گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کی ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت سے رہائی کے احکامات جاری ہوتے ہی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے تھری ایم پی او کے تحت ایک ماہ جیل میں نظر بند رکھنے کے احکامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ترجمان گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ مسائل حل کرنے کے بجائے انتقامی کارروائیوں پر اترنے والی حکومت کو ان متعصبانہ کارروائیوں پر کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا ڈاکٹرز کے گھروں پر چھاپے چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کرنا ڈاکٹرز کو عدالتی احکامات کے باوجود جس بے جا میں رکھنا اور ان کی ٹیملیز کو نارچر کرنے کے مرتکب نااہل وزیر صحت اور سیکرٹری کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے ایمرجنسی میٹنگ میں آگے کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا اور تمام اقدامات کی ذمہ داری وزیر اعلیٰ بلوچستان اور نااہل وزیر صحت پر عائد ہوگی گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان پاکستان بھر میں سروسز کی معطلی، ایمرجنسی سروسز سے بائیکاٹ، اور ریڈ زون ریلی سمیت تمام آپشنز پر مشاورت اور غور کیا جائے گا دریں اثناء کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں چھٹے روز بھی گرینڈ ہیلتھ الائنس کی جانب سے او پی ڈیز سمیت دیگر سروسز سے بند، صوبائی حکومت اور ڈاکٹروں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف گولہ باری تو جاری ہے لیکن دونوں جانب سے سیاسی سکورنگ تو کہہ سکتے ہیں لیکن عملی طور پر نہ تو حکومت اس مقام پر پہنچی ہے کہ جو بوتوں اور لاپرواہی کا دعویٰ کیا اس پر عملدرآمد نہیں کیا گیا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: میزان کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 19 JAN 2025

Page No. 16

بلوچستان حکومت کا محکمہ صحت میں مالی بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف اقدام!

محکمہ صحت بلوچستان میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگیا ہے ۔محکمہ صحت اپنے اصل مقصد جو عوام کو علاج ومعالجے کی سہولتیں فراہم کرنی ہیں میں پوری طرح ناکام ہوگیا ہے۔حالیہ دنوں میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ قائم سول ہسپتال میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کا انکشاف ہوا ہے جس میں ادویات اور دیگر ضروریات کی اشیاء کے لیے دیئے گئے فنڈز کو اس مقصد کے لیے استعمال میں نہیں لایا گیا اس سے قبل بی ایم سی کے گوداموں میں پڑے کمبل اور دیگر اشیاء کی ایک بہت بڑی تعداد برآمد کی گئی جن کو مریضوں کو استعمال کرنے کے لیے دینے کی بجائے گوداموں میں رکھا گیا تھا۔جو کہ بلاشبہ عوام کے ساتھ ایک بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے اس لیے اس کا مداوا ہونا ضروری ہے۔

بلوچستان حکومت نے محکمہ صحت میں مالی بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے اراکین سمیت دہری تنخواہیں لینے والے ڈاکٹروں کے خلاف محکمانہ وقانونی کاروائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔حکومت بلوچستان کے ترجمان شاہد رند کے مطابق 36 میڈیکل آفیسرز، 29 لیڈی میڈیکل آفیسرز اور 9 ڈینٹل سرجنز کو اظہار وجوہ کے نوٹسز جاری کردیئے گئے ہیں۔دوسری جانب صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بتایا ہے کہ محکمہ صحت نے بدعنوان ڈاکٹروں کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی تاکہ انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔بین الاقوامی اداروں کے ساتھ کنٹریکٹ پر کام کرنے والے ڈاکٹروں کی تفصیلات طلب کی جارہی ہیں۔جن اہلکاروں کی مدت ختم ہوچکی ہے انہیں فوری طور پر اپنے پیرنٹ ڈیپارٹمنٹ میں رپورٹ کرنے کی ہدایت دی جائیں گی۔انہوں نے واضح کیا ہے کہ بدعنوان عناصر کو سزا دی جائے گی تاکہ صحت کے شعبے میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے۔محکمہ صحت میں کسی بھی قسم کی خلاف ضابطہ سرگرمیاں برداشت نہیں کی جائیں گی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ڈاکٹروں کیخلاف مذکورہ کاروائی قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ ڈاکٹرز نے اپنے مقدس پیشے کا فائدہ غلط انداز میں اٹھانا شروع کردیا ہے انہوں نے مسیحا ہونے کی بجائے اس شعبے کو کاروبار بنادیا ہے جو عوام کو بے دردی کے ساتھ لوٹ رہے ہیں ان کی دہری تنخواہیں لینا قابل مذمت اقدام ہے۔کیونکہ یہ دوہری تنخواہیں لینے کے علاوہ پرائیویٹ کلینکس اور ہسپتالوں میں من مانی فیسیں بھی وصول کرتے ہیں۔